140 (New Syllabus) III

Total No. of Questions - 5
Total No. of Printed Pages - 3

Regd. No. | | | | | | | | | | |

Part - III
URDU, Paper-I
(Modern Language)

Time : 3 Hours] *[Max. Marks : 100*

I. ذیل میں دیے گئے اقتباسات میں سے کسی 4 کی تشریح بحوالۂ متن تشریح کیجئے : 4 × 5 = 20

1. ''نرمی کی جگہ پر نرمی اور سختی کے محل پر سختی اور میرا دل گواہی دیتا ہے کہ انشاء اللہ میں اپنے ارادے میں کامیاب ہوں گا۔''

2. ''رائے صاحب قوم پرست ہونے پر بھی حاکموں سے میل جول قائم رکھتے تھے۔''

3. ''گنگوا اس فکر میں مبتلا کہ لالہ کی سخت گیری کا یہی حال رہا تو دوپہر کے چبینے کے لئے بھی پیسے نہ بچیں گے لالہ اس پھیر میں کہ گنگوا کو اور کس طرح نچوڑا جائے۔''

4. ''اندھیری رات نہ تھی چاندنی نے اپنی چمک دمک کی بجلیاں گرائیں۔ گملوں کے سبز پودے شریر فتنے بنے۔''

5. ''تمہاری فائل چل رہی ہے۔ اُمید ہے کہ کل تک فیصلہ ہو جائے گا۔''

6. ''وہ خود بھی بہت صاف ستھرا رہتا تھا اور ایسا ہی اپنے چمن کو بھی رکھتا۔ اس قدر پاک صاف جیسے رسوئی کا چوکا۔ کیا مجال جو کہیں گھاس پھوس یا کنکر پتھر پڑا رہے۔''

7. ''ٹیگور، اقبالؔ، کوہ ہمالیہ اور تاج محل کے علاوہ بہت سی ہستیاں اور اشیاء قابل ستائش ہیں۔ مثلاً مچھر، شاعر، عشاق۔''

8. ''گھر میں آپا کی وہی حیثیت تھی جو آج کل ہٹلر اور مسولینی کی ہے۔''

II. ذیل سے کسی ایک کا خلاصہ لکھئے : $1 \times 20 = 20$

1. خاندانِ نصوح کی اصلاح
2. خوشامد
3. نام دیو مالی

III. ذیل میں دیئے گئے اشعار سے کسی چار کی تشریح کیجئے : $4 \times 5 = 20$

1. ارض و سماء کہاں تری وسعت کو پا سکے
میرا ہی دل ہے وہ کہ جہاں تو سما سکے

2. حسن تھا تیرا بہت عالم فریب
خط کے آنے پر بھی اک عالم رہا

3. پہروں چپ رہتے ہیں ہم اور اگر بولتے ہیں
وہی ہر پھر کے اُلٹتے ہیں تمہاری باتیں

4. ابن مریم ہوا کرے کوئی
میرے دکھ کی دوا کرے کوئی

5. جس فراغت کا تمنائی تھا میں تیرے لئے
اب وہ حاصل ہے تو اک آزار ہے تیرے بغیر

6. دل گیا رونق حیات گئی
غم گیا ساری کائنات گئی

7. گئے دنوں کا سراغ لے کر کدھر سے آیا کدھر گیا وہ
عجیب مانوس اجنبی تھا مجھے تو حیران کر گیا وہ

8. خاکساری سے بات بنتی ہے
حکم سے التماس بہتر ہے

IV. ذیل سے کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھیے : $1 \times 20 = 20$

1. شامِ رنگیں
2. ایک نوجوان کے نام
3. سالِ نو پر

V. (الف) زاہدہ زیدی کی نثری نظم ''مادرِ مہرباں'' کا خلاصہ لکھیے۔ $1 \times 10 = 10$

یا

سائنٹ کے متعلق اپنی معلومات کا اظہار کیجیے۔

(ب) صفت کی تعریف کیجیے اور اس کی قسموں کو مثالوں کے ذریعے بیان کیجیے۔ $1 \times 10 = 10$

یا

فعل کی بلحاظ زمانہ کتنی قسمیں ہیں اور وہ کون کونسی ہیں؟